Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ صفر سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء	جلد ۲۲

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب پیشی رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - رخصت دس یوم اسسٹنٹ انجنیئر روشنی برقی بوجہ شرکت میلہ درگاہ پوجا بمقام دہلی ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور فرمائی گئی -

---

اضافہ جات

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

بنا رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ عطائے شاہی بوجہ گرفتاری چند ڈکیت بالیان پولیس ۔ شرف الدین خان کوتوال شہر کی تنخواہ موجودہ میں بیس روپیہ اور سعادت علیخان نائب کوتوال اور اشفاق النبی خان وحید رخان سب انسپکٹران کے دس دس روپیہ ماہوار اضافہ بصلہ کارگزاری پسندیدہ منظور فرمایا گیا ۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

اخبارات و دیگر ذرائع سے دریافت ہوا کہ مدرسۃ العلوم علی گڈہ کی حالت قابل اطمینان نہیں ہے ۔ لہذا حکم ہوا کہ باشندگان ریاست ہذا کے جملہ طلبا کالج مذکور سے واپس بلا لئے جائیں ۔ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر طلبا کے والدین کو اس حکم کی اطلاع دیکر تعمیل فرمائیں ۔ فہرست طلبا شامل روبکار ہذا ہے ۔ اور اس روبکار کی ایک نقل درج گزٹ کیجائے

فہرست طلبا رامپور جو علی گڈہ کالج میں تعلیم پاتے ہیں

صاحبزادہ عبد الجلیل خان صاحب خلف صاحبزادہ عبد المجید خان صاحب بہادر ۔ صاحبزادہ عبد الجمیل خان صاحب خلف صاحبزادہ عبد المجید خان صاحب بہادر ۔ صاحبزادہ سید سلطان صاحب بہادر ۔ محمد اللہ دتہ خان صاحب خلف محمد عنایت اللہ خان صاحب ۔ صاحبزادہ رشید الظفر خان صاحب خلف صاحبزادہ سید الظفر خان صاحب ۔ سلطان خان خلف مولوی محمد شیث صاحب ۔ محمد بشیر ساکن متصل مسجد شیخ ۔ محمود خان خلف محمد یاقوت خان صاحب ۔ احمد علی مبرور منشی و علیخان صاحب

ملخص حکم اجلاس صاحب فارچیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب پیشی رپورٹ بخشی صاحب فوج ۔ رخصت پندرہ یوم سید زین العابدین پیشکار بوجہ علالت ۱۰ اکتوبر سنہ حال سے بذمہ داری سید فخر الدین احمد منظور ہوئی

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

رخصت یکہفتہ ہیڈ ماسٹر صاحب مدرسہ انگریزی کی بوجہ علالت منظور ہوئی ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

سردار خان محرر مال تحصیل شاہ آباد کی رخصت یکماہ بوجہ علالت حسب تصدیق تحصیلدار صاحب بعوض بہو کا محرر مال منظور ہوئی ۔ حسب تصفیہ باہمی ماہوار تنخواہ کے پانچ روپیہ اصیل اور آٹھ روپیہ عوض کو ملینگے ۔

رخصت

۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ علی حسین خان انسپکٹر کی رخصت دس یوم اتفاقیہ منظور ہوئی ۔

توسیع مدت

۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ تمکین خان واحمد حسین خان جو امتحانا چھ چھ ماہ کیواسطے امتحانا سب انسپکٹر مقرر ہوئے تھے مدت میعاد ختم ہونے پر چھ چھ ماہ کی توسیع اور منظور ہوئی ۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ۱ار	۰۵ ۱ار	۵ ۱ار		۵ ۱ار	۰۵ ۱ار	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰۵ ۱ار	۶ ۱ار	۰۵ ۱ار		۰۶ ۱ار	۰۶ ۱ار	
نخود کسہ آمیز	۶ ۱ار	۸ ۱ار	۷ ۱ار		۷ ۱ار	۷ ۱ار	
کسہر	۰۷ ۱ار	۸ ۱ار	۷ ۱ار		۷ ۱ار	۰۷ ۱ار	
ماش	۰۵ ۱ار	۵ ۱ار	۰۵ ۱ار		۴ ۱ار	۵ ۱ار	
مونگ	۴ ۱ار	۰۳ ۱ار	۴ ۱ار		۰	۰۳ ۱ار	
مکا	۰۶ ۱ار	۰۶ ۱ار	۰۷ ۱ار		۰۷ ۱ار	۰۷ ۱ار	
جئی	۰	۰	۰		۸ ۱ار	۱۰ ۱ار	
گوجئی	۶ ۱ار	۰	۰		۷ ۱ار	۸ ۱ار	
عدس	۰۵ ۱ار	۰	۰		۰	۶ ۱ار	
ارہر	۶ ۱ار	۰	۰		۹ ۱ار	۸ ۱ار	
برنج	۳ ۱ار ۰۳ ۱ار		۴ ۱ار		۰۴ ۱ار	۵ ۱ار	
روغن زرد	۔۱۱۱ار	۔۱۱۱ار	۔۱۱ار		۔۱۱ار	۔۱۱۱ار	
روغن سیاہ	ا۱۱ار	ٹ ۱ار	ا ۱ار		ا ۱ار	ا۱ ۱ار	
روغن کنجد	ۂ ۱ار	ۂ ۱ار	ۂ ۱ار		۰۱۱۱ار	ۂ ۱ار	
نمک سانبھر	۰۱۰ ۱ار	۹ ۱ار	۱۰ ۱ار		۹ ۱ار	۹ ۱ار	
نمک لاہوری	۶ ۱ار	۵ ۱ار	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۷ ۱ار	
قند سیاہ	۳ ۱ار	۳ ۱ار	۳ ۱ار		۳ ۱ار	۳ ۱ار	
باجرہ	۰	۰	۰		۰	۰	